مطبوعات

علمی اُردو لغت (جامع)	تالیف: جناب وارث سرہندی صاحب

شائع کردہ: علمی کتاب خانہ، اردو بازار لاہور

قیمت مجلّد: ۱۵۰/- روپے صفحات: ۱۶۲۰

جناب وارث سرہندی اگرچہ ایک گوشہ نشین صاحبِ علم ہیں، لیکن اُردو کے لسانی مطالعے میں ان کی خدمات کا ہر حلقہ معترف ہے۔ انہوں نے زیرِ تبصرہ لغت ترتیب دے کر اُردو زبان و ادب کی خدمت کے ساتھ ساتھ اس کے سرمایۂ فرہنگ میں کمی کو بطریقِ احسن پورا کیا ہے۔ یہ لغت نہ تو فرہنگ آصفیہ اور نور اللغات کی طرح ضخیم ہے اور نہ اتنا مختصر کہ ضرورت کے عام الفاظ بھی اس میں جگہ پانے سے رہ جائیں۔ اس میں جامعیت اور اختصار کو بڑی محنت سے ہم رکاب رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

فاضل مرتب نے دوسرے لغات کو سامنے رکھ کر محض الفاظ و معانی نقل نہیں کر دیے ہیں بلکہ ہر لفظ کو اس کے ماخذ کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کی ہے۔ اس لغت میں اس امر کا بھی اہتمام کیا گیا ہے کہ اُردو زبان میں جو جدید الفاظ، تراکیب اور مصطلحات رواج پا چکے ہیں انہیں صحت کے ساتھ درج کیا جائے۔ الفاظ پر اعراب لگانے کا التزام کیا گیا ہے اور لفظ کے تمام پہلو نمایاں کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ علمی اور فنی اصطلاحات کا استعمال جو کسی ایک طبقے تک محدود نہیں اور جو علمی و فنی کتابوں میں عام طور پر مستعمل ہیں، انہیں اس لغت میں شامل کر لیا گیا ہے۔

انسانی کوشش میں خواہ کتنی ہی بھرپور اور سلیقے سے کی جائے خامیاں رہ ہی جاتی ہیں۔ اس بنا پر یہ لغت بھی اگرچہ بڑی احتیاط اور عرق ریزی سے مرتب کیا گیا ہے لیکن اغلاط سے مبرا نہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ انگریزی الفاظ اور مصطلحات کے جو تراجم فاضل مرتب نے درج کیے ہیں وہ نظرِ ثانی کے محتاج ہیں۔ مثلاً انہوں نے خود ارادیت کو SELF DETERMINISM کا ترجمہ